Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف اور سنی اتحاد کونسل کی مشترکہ پارلیمانی پارٹی کا اہم ترین اجلاس

اجلاس میں پاکستان تحریک انصاف و سنی اتحاد کونسل کے مرکزی قائدین اور اراکینِ پارلیمان کی شرکت

اجلاس میں ملکی مجموعی سیاسی صورتحال سمیت تحریک انصاف اور سنّی اتحاد کونسل کی مشترکہ حکمتِ عملی کے حوالے سے مفصل گفتگو

پارلیمانی پارٹی نے تحریک انصاف پر پابندی اور عمران خان کے خلاف آرٹیکل 6 کے تحت کارروائی کا حکومتی فیصلہ یکسر مسترد کردیا

اجلاس کے شرکاء کی حکومت کی جانب سے بانی چیئرمین عمران خان کے خلاف آرٹیکل 6 کی کارروائی کے فیصلے کی شدید مذمت

پاکستان تحریک انصاف کا سپریم کورٹ کے فیصلے کے تناظر میں چیف الیکشن کمیشنر کے خلاف آرٹیکل 6 کے تحت کارروائی کا مطالبہ

تحریک انصاف کو لیول پلیئنگ فیلڈ سے محروم کرنے اور عام انتخابات میں امیدواروں کو پارٹی سے وابستگی کے حق سے محروم کرنے پر چیف الیکشن کمشنر اور دیگر ممبران کے خلاف آرٹیکل 6 کے تحت کارروائی کی جائے، اعلامیہ

کمشنر راولپنڈی لیاقت چٹھہ کے اعترافی بیان سمیت ریکارڈ پر موجود متعدد شواہد چیف الیکشن کمشنر کی عام انتخابات میں ہونے والی بدترین دھاندلی میں مجرمانہ کردار کی توثیق کرنے کیلئے کافی ہیں، اعلامیہ

آرٹیکل 6 کے تحت کارروائی کے حقیقی کردار وہ تمام آئین شکن ہیں جنہوں نے گزشتہ دو سالوں کے دوران اپنے ناجائز اقتدار کی طوالت کیلئے ہر قدم پر شہریوں کے دستوری حقوق کی دھجیاں اڑاتے ہوئے آئین کو پامال کیا، اعلامیہ

عام انتخابات کے انعقاد میں 90 روز کی دستوری مدت سے تجاوز سے لے کر 8 فروری کو مینڈیٹ پر ڈالے جانے والے ڈاکے میں مجرمانہ سہولتکاری کرنے والے تمام افراد کے خلاف آرٹیکل 6 کے تحت کارروائی کی جائے، اعلامیہ

پارلیمانی پارٹی کی تحریک انصاف پر پابندی لگانے کے حکومتی فیصلے کی سخت الفاظ میں مذمت

حکومت کی جانب سے تحریک انصاف پر پابندی کا اعلان غیر منتخب حکومت کی بوکھلاہٹ کا ثبوت اور اعترافِ شکست ہے، اعلامیہ

ملک کی مقبول ترین سیاسی جماعت پر پابندی کا فیصلہ تحریک انصاف کی مخصوص نشستوں کا راستہ روکنے کیلئے سپریم کورٹ کے فیصلے سے انحراف کی جانب ایک قدم ہے، اعلامیہ

جمہوریت کے نام نہاد علمبرادروں کی اپنی اتحادی جماعتیں اس غیر جمہوری فیصلے کو مسترد کرچکی ہیں، اعلامیہ

پارلیمانی پارٹی کا سپریم کورٹ آف پاکستان میں ایڈہاک ججز کی تقرریوں کے فیصلے پر اظہار تشویش

ایڈہاک ججز کی تقرری کے ذریعے سپریم کورٹ کی حقیقی ساخت تباہ کرکے مصنوعی طریقے سے فردِ واحد کی عددی برتری کا اہتمام کیا جارہا ہے، ایڈہاک ججز کی آڑ میں واضح تعصّبات اور نہایت قابلِ اعتراض کردار کے حامل ججوں کو پھر سے سپریم کورٹ کا حصہ بنانے کی کوشش کی جارہی ہے،

سپریم کورٹ میں زیرالتواء 56 ہزار کیسز کو جواز بنا کر ایڈہاک ججز کی تعیناتی بدنیتی پر مبنی ہے جس کا واحد مقصد ہم خیال ججز کے ذریعے تحریک انصاف کو نشانہ بنانا ہے، اعلامیہ

حکومت کی جانب سے اپنے ٹاؤٹس کے ذریعے سپریم کورٹ کے فیصلہ پر عملدرآمد نہ کرنے کے بالواسطہ پیغامات کی بھی شدید مذمت

عدالتوں سے اپنی مرضی کے فیصلے لینے کیلئے ججز کو ڈرانے دھمکانے اور عدلیہ پر حملے کرنے والی جماعت نہایت دیدہ دلیری سے عدالت عظمیٰ کی احکامات پیروں تلے روندنے کی تیاری کررہی ہے، اعلامیہ

سپریم کورٹ کے مخصوص نشستوں کے حوالے سے فیصلے سے انحراف کے نہایت سنگین نتائج ہوں گے جو سیاسی عدم استحکام اور انتشار کو ہوا دیں گے، پاکستان تحریک انصاف عدالتِ عظمیٰ کے فیصلے سے انحراف کی کوئی بھی کوشش کرنے والے آئین شکنوں کے خلاف ہر سطح پر بھرپور مزاحمت کرے گی، اعلامیہ

پارلیمانی پارٹی کی عدالتی فیصلے کے بعد منتخب اراکین قومی وصوبائی اسمبلی کی غیر قانونی گرفتاریوں و پارٹی سے وابستہ افراد کی جبری گمشدگیوں کی شدید مذمت

اراکین اسمبلی صاحبزادہ امیر سلطان کے بعد معظم جتوئی کی غیر آئینی گرفتاری پارلیمانی روایات کی خلاف ورزی ہے، اظہر مشوانی اور ڈاکٹر شہباز گل کے بھائیوں اور تحریک انصاف مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ کے سینئر رکن سمیت جبری طور پر لاپتہ افراد کے معاملے میں تاحال کوئی مثبت پیش رفت سامنے نہ آسکی، اعلامیہ

بوکھلاہٹ کا شکار مینڈیٹ چور گزشتہ دو سال سے جاری ماورائے آئین گرفتاریوں اور جبری گمشدگیوں جیسے شرمناک حربوں کے تسلسل سے اپنے مقاصد ہرگز حاصل نہ کرپائیں گے، اعلامیہ

اراکین قومی وصوبائی اسمبلی کی غیر آئینی گرفتاریوں اور جبری گمشدگیوں کے معاملے پر پارلیمان میں بھرپور آواز اٹھائیں گے، اعلامیہ

سپریم کورٹ جبری طور پر لاپتہ افراد کے حوالے سے زیرالتواء پٹیشنز فوری طور پر سماعت کیلئے مقرر کرکے گمشدہ افراد کی بازیابی کیلئے فوری اقدامات اٹھائے، پاکستان تحریک انصاف اس بدترین فسطائیت اور ماورائے آئین و قانون اقدامات کے خلاف عدالتی چارہ جوئی سمیت ہر سطح پر بھرپور مزاحمت کرے گی، اعلامیہ